# Maulana Azad National Urdu University

**M.A. (Urdu) I Semester Examination, March 2023**

**Paper : MAUR101CCT : Lisaniyaat**

**پرچہ : لسانیات**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) ذیل میں سے کون ''لسانیات کیا ہے'' کے مترجم ہیں؟

(a) گیان چند جین (b) مسعود حسین خان (c) شوکت سبزواری (d) نصیر احمد خان

(ii) ذیل میں سے کون صحیح نہیں ہے؟

(a) تلفظ کار (b) صوت کار (c) مقام تلفظ (d) طریقۂ تلفظ

(iii) ذیل میں سے کون سی آواز غشائی آواز ہے؟

(a) غ (b) ک (c) ق (d) خ

(iv) ذیل میں سے کون سی تعریف مارفیمیات کی تعریف ہے؟

(a) چھوٹی سی چھوٹی اور بامعنی لسانی اکائی کے سائنسی مطالعے کو مارفیمیات کہتے ہیں

(b) چھوٹی سی چھوٹی لسانی اکائی کے سائنسی مطالعے کو مارفیمیات کہتے ہیں

(c) بامعنی لسانی اکائی کے سائنسی مطالعے کو مارفیمیات کہتے ہیں

(d) فونیم کے سائنسی مطالعے کو مارفیمیات کہتے ہیں۔

(v) ذیل میں سے کون درست نہیں ہے؟

(a) تشکیل (b) ترکیب (c) جزو (d) جزو متصل

P.T.O

(vi) ذیل میں سے کس سے معنیات بنا ہے؟

(a) معنیٰ (b) معنے (c) معن (d) معنوی

(vii) ذیل میں سے کون اسلوبیات کے چار ابعاد میں سے نہیں ہے؟

(a) فونیمیات (b) مارفیمیات (c) ذولسانیت (d) معنیات

(viii) ذیل میں سے کس کا تعلق عصبی لسانیات سے نہیں ہے؟

(a) پال بروکا (b) کارل ورنک (c) بن فیلڈ اور رابرٹس (d) بفوں

(ix) قدیم ہند آریائی کا دور کب سے کب تک رہتا ہے؟

(a) 1500 ق م سے 500 ق م تک (b) 2000 ق م سے 1000 ق م تک

(c) 500 ق م سے 1000 عیسوی تک (d) 1500 ق م سے 1000 ق م تک

(x) ''پنجاب میں اردو'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) سید محی الدین قادری زور (b) حافظ محمود خان شیرانی (c) نصیر الدین ہاشمی (d) شوکت سبزواری

## حصہ دوم

2۔ لسانیات کیا ہے؟ اس پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

3۔ لسانیات کی اہمیت و افادیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

4۔ نحویات کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

5۔ اردو ہندی کے لسانی رشتے پر حوالوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

6۔ اردو کی ابتدا سے متعلق مختلف نظریات کو قلم بند کیجیے۔

7۔ فونیمیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اردو فونیموں پر روشنی ڈالیے۔

8۔ عصبی لسانیات کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

9۔ ذولسانیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مدلل بحث کیجیے۔

## حصہ سوم

10۔ صوتیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالیے۔

11۔ مارفیمیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالیے۔

12۔ معنیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں سے مدلل بحث کیجیے۔

13۔ اسلوبیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالیے۔

14۔ ہند آریائی زبانوں کے آغاز و ارتقا پر مفصل روشنی ڈالیے۔

☆☆☆